9099- عورت کے لیے عوداور گلاب کا تیل استعمال کرنے کا حکم

سوال

کستوری، یا عود، یا گلاب وغیرہ دوسری خوشبو کا تیل اگر عورت استعمال کرے، اوراس کی خوشبو واضح ہو تو اس کی استعمال کا حکم کیا ہے، اور خاص کر جب عورت گھر سے باہر نکلے، اور کیا گھر میں ملنے کے لیے آنے والیوں کو عود کی دھونی کی خوشبو دیکر ان کی عزت افزائی کرنا بھی اسی حکم میں شامل ہوتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

خوشبو لگا کر عورت کا بازار جانا اور
گھر سے باہر نکلنا ممنوع ہے، اور عورت کے لیے جائز نہیں کہ وہ خود اس طرح نکلے، یا
پھر مہمان اور ملنے کے لیے جانے والی عورتوں کی اس میں مدد کرے، بلکہ اسے چاہیے کہ
وہ انہیں نصیحت کرتے ہوئے کہے :

ہم چاہتے تو یہی ہیں کہ آپ کو خوشبو
لگائیں، لیکن عورت کا خوشبو لگا کر گھر سے باہر اور بازار جانا ممنوع ہے.

تو اس طرح نصیحت اور اللہ تعالی کے
جانب سے حرام کے ارتکاب کو ترک کرنا دونوں ہی جمع کر سکتی ہے.